© rasailojaraid.com



# کلوروفل اور قرآن

(۲)

جناب مولوی محمد شہاب الدین ندوی۔ فرقانیہ اکیڈمی جک بانا ور بنگلور۔ نارتھ

**دلائل آفاق کی غرض وغایت** یہ ہے سائنس اور سائنسی علوم کا ایک مختصر سا تعارف۔ منطقی حیثیت سے۔ ان پانچ علوم میں کائنات کی تمام چیزیں آجاتی ہیں بحث میں سورۂ روم اور سورۂ نحل کی جو آیات پیش کی گئی ہیں ان کا دوبارہ جائزہ لیجئے تو انہیں جن جن امور میں بھی غور و فکر کرنے کی دعوت دی گئی ہے وہ کسی نہ کسی حیثیت سے ان ہی پانچ علوم کے دائرے میں آتے ہیں۔ غور فرمائیے کہ موجودہ سائنسی تحقیقات قرآنی منشا اور اس کے تقاضوں سے کس قدر قریب ہیں! اب حسب ذیل آیات میں تدبر کیجئے تو قرآن اور سائنس کے تعلق کی نوعیت پوری طرح روشنی میں آجاتی ہے۔

طٰہٰ۔ ما انزلنا علیک القرآن لتشقیٰ ۲ الا تذکرۃ لمن یخشیٰ ۳ تنزیلاً ممن خلق الارض والسمٰوٰتِ العُلیٰ ۴ الرحمٰن علی العرش استویٰ ۵ لہٗ ما فی السمٰوٰت وما فِی الاَرضِ وَمَا بَینَھُمَا وما تحت الثریٰ ۶ وان تجھر بالقول فانہ یعلم السر واخفیٰ ۷ اللہ لا الٰہ الا ھو لہ الاسمآء الحسنیٰ ۸

طا، ھا۔ (اے محمد) ہم نے تم پر یہ قرآن اس لئے نہیں اتارا کہ تم (خواہ مخواہ) مشقت میں پڑ جاؤ (اور زبردستی لوگوں کو سمجھاتے پھرو) یہ قرآن تو ایک یاد دہانی ہے ہر اس شخص کے لئے جو خدا سے ڈرتا ہو۔ (یہ قرآن) اس ہستی کی جانب سے اتارا گیا ہے جس نے (حیرتناک قسم کے نظاموں سے لیس) زمین اور بلند و بالا سماوات پیدا کر دیئے وہ رحمٰن ہے جو عرش پر مستوی ہے۔ آسمانوں میں اور زمین میں اور ان دونوں کے درمیان جتنی بھی چیزیں ہیں اور گیلی مٹی کے نیچے (پاتال میں)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو کچھ بھی ہے سب اسی کی ملکیت ہے۔ اگر تم زور سے بات کرو (یا آہستہ) وہ ہر حال میں تمام بھید اور مخفی باتوں تک سے واقف ہوجاتا ہے۔ اللہ کے سوا دوسرا کوئی اللہ (نرالے اور حیرتناک افعال والا) موجود نہیں ہے۔ اس کے عمدہ عمدہ نام ہیں (طہٰ : ۱۔۸)

ان آیات میں چھٹی آیت کا دائرہ جمادات (جیولوجیکل اشیاء) سے لے کر افلاک تک وسیع ہے: "لہ ما فی السمٰوٰت" میں نہ صرف تمام آسمانی ستارے و سیارے آجاتے ہیں بلکہ ان میں موجود مخلوق بھی آجاتی ہے۔ "وما فی الارض" میں کرۂ ارض پر پائی جانے والی تمام چیزیں آجاتی ہیں۔ "وما بینھما" کا اطلاق خصوصیت کے ساتھ خلائیات کے مظاہر اور ان کی نیرنگیوں پر ہوتا ہے۔ اور "وما تحت الثریٰ" (پاتال) کے تحت جیالوجی کے تمام متعلقات آجاتے ہیں۔ اب اس عالم رنگ و بو کی وہ کون سی چیز اور وہ کون سا مظہر ہے جو ان چار کلیات سے باہر ہو؟

پھر غور فرمائیے کہ سیاق و سباق (نظم کلام) کے لحاظ سے اس آیت کریمہ کا مقصد کیا ہے؟ ظاہر ہے کہ یہ بیان محض قرآن کی زینت بڑھانے یا ایک بات کی نری خبر دے دینے کی خاطر نہیں لایا گیا ہے۔ بلکہ جیسا کہ آخری دو (ساتویں اور آٹھویں) آیات سے ظاہر ہو رہا ہے۔ اس بیان کے ذریعہ دراصل اللہ تعالیٰ کی ملکیت (تمام مظاہر کائنات اس کے قبضہ و قدرت میں ہونے) کا نظارہ کرایا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ بنیادی حقیقت پیش نظر رہنی چاہئے کہ مظاہر کائنات کا جو خالق و مالک ہوگا وہ ان کی رگ رگ سے واقف بھی ہوگا۔ اور جو ان مظاہر اور انکی کارکردگیوں کا عالم ہوگا وہ ان کا خالق و مالک بھی ہوگا۔[1]

---

[1] لہٰذا اگر یہ بات ثابت ہوجائے کہ اللہ تعالیٰ تمام مظاہر کائنات یا مظاہر ربوبیت کا عالم ہے تو پھر اس کے خالق و مالک ہونے میں کوئی شبہ باقی نہیں رہنا چاہئے۔ اور جو خالق و مالک ہوگا وہی معبود و مسجود بھی ہوسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں جگہ جگہ صفت علم، صفت خلاقیت اور صفت مالکیت کا اظہار کیا گیا ہے اور نظام کائنات کے جو اسرار بیان کیے گئے ہیں وہ بھی (باقی آگے صفحہ ۲۹۹ پر دیکھیے)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر: جس نے پیدا کیا ہے، کیا وہ ناواقف رہ سکتا ہے؟ حالانکہ وہ بڑا ہی باریک بین اور ہر چیز کی خبر رکھنے والا ہے (ملک: ۱۴)

خلق کل شیٔ وھو بکل شیٔ علیم: اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔ (انعام: ۱۰۲)

تخلیق اور علم جس طرح لازم و ملزوم ہیں اسی طرح ملکیتِ تامہ اور علم میں بھی چولی دامن کا ساتھ ہے۔ یہ ہو نہیں سکتا کہ اللہ تعالیٰ کسی چیز کا مالک تو ہو مگر وہ اس کی مشنری اور اس کے کل پرزوں سے ناواقف رہ جائے۔ اسی بنا پر ساتویں آیت میں کہا گیا ہے کہ وہ مخفی چیزوں اور دلوں کے اسرار اور ان کے بھیدوں تک سے واقف ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم کائنات کی ہر چیز پر محیط ہے خواہ وہ افلاک میں ہو یا پاتال میں، زمین میں ہو یا آسمان میں، خشکی میں ہو یا بحرِ ظلمات میں، روشنی میں ہو یا تاریکی میں، ظاہر میں ہو یا باطن میں، خواہ وہ محسوسات سے ہو یا تخیلات سے افکار و خیالات سے متعلق ہو یا وارداتِ قلب سے۔ اس عالمِ آب و گل کی ایک ذرہ برابر چیز بھی اس کی نظروں سے اوجھل نہیں ہو سکتی اور ایک تنکا تک اس کے علم ازلی و ابدی سے باہر نہیں جا سکتا۔

لا یعزب عنہ مثقال ذرۃ فی السمٰوٰت ولا فی الارض ولا اصغر من ذلک ولا اکبر الا فی کتٰب مبین: اُس (کی نظروں) سے زمین و آسمانوں کی ایک رتی برابر چیز (جیسے ایک ایٹم) بھی اوجھل نہیں ہو سکتی، نہ اس سے چھوٹی (جیسے تابکار ذرات) اور نہ بڑی (جیسے شہابیے) ان سب کا حساب ایک کھلی کتاب میں ہے (سبا: ۳)

قرآنی نصوص کی روشنی میں کائنات اور اس کی مشنری کے مطالعہ سے تمام مظاہر کائنات

---

(حصہ ۱) سے آگے ... اس علم ازلی کے ... اظہار و انکشاف ہی کی غرض سے ہیں! "کلوروفل" کے مباحث سے اللہ تعالیٰ کے ہمہ دان و ہمہ بین ہونے کا حال پوری طرح آشکارا ہو جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کی مخلوقیت و مملوکیت اور ان کے ایک ایک جزیہ پر علم الٰہی کی گرفت مضبوط ہونے کا آفاقی نظارہ اور اس کی صفت خلاقیت وصفت مالکیت کا بھرپور مشاہدہ ہو جاتا ہے ؎۔ اسی بنا پر آٹھویں آیت میں کہا گیا ہے کہ اللہ کے سوا اس کائنات میں کوئی دوسرا الٰہ (نرالے اور حیرتناک افعال والا) موجود نہیں ہے۔ اور اس کے اچھے اچھے نام ہیں۔ یعنی وہ نہایت عمدہ اور قابل ستائش صفات (خلاقیت، مالکیت، علمیت اور ربوبیت والوہیت وغیرہ) سے مزین ومتصف ہے۔ لہذا عالم ارض وسماوات میں تعریف وتوصیف کا اصل مستحق وہی ہے اور وہی ہونا چاہیئے۔ سائنس اور قرآن کا یہ حاصل مطالعہ اور لب لباب ہے۔ یہ اسلامی نقطۂ نظر سے مطالعۂ کائنات کی بنیادی غرض وغایت ہے جو مطابقِ واقعہ ہے۔ یہ ہو نہیں سکتا کہ کوئی سائنس داں پوری سچائی اور غیر جانبداری کے ساتھ پوری کائنات اور اس کے مظاہر کا مطالعہ کرے اور مذکورہ بالا ثمرات ونتائج تک نہ پہنچ سکے، اور اس کی رسائی ایک نرالے اور حیرتناک افعال والی ہستی تک نہ ہو جائے۔

ان آیات کا تقاضا ہے کہ نوع انسانی ایسی زبردست ہستی کی معبودیت والوہیت کو تسلیم کر کے اس کے روبرو اپنا سر نیاز جھکا دے۔ اس لحاظ سے قرآن کریم کے نظام کائنات میں غور وخوض کی دعوت دینے اور علوم کائنات سے تعرض کرنے کے دو بنیادی مقاصد ہیں:

۱- نوع انسانی کو علم الٰہی کی ازلیت وہمہ گیری کا آفاقی مشاہدہ کرانا۔

۲- اس مشاہدہ کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کی الوہیت ومعبودیت کو تسلیم کرانا۔

اس کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہیئے کہ نوع انسانی اسلام کو سچا اور ابدی دین تسلیم کر کے اس کے مقرر کردہ ضابطۂ حیات کی طرف متوجہ ہو اور اس کے دستور زندگی کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھال کر نجات آخروی اور حیات جاودانی کی مستحق بن جائے۔

---

؎۔ یہ فائدہ اس وقت حاصل ہوتا ہے جب کہ قرآن اور کائنات میں تطبیق دی جائے۔ قرآن میں جتنے بھی دعوے کیے گئے ہیں کائنات میں ان کا ثبوت وشہادت موجود ہے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہی وجہ ہے کہ قرآن حکیم میں جگہ جگہ نظام کائنات کے حقائق اور اس کے اسرار و رموز بیان کرکے نوع انسانی کے ذہن و دماغ پر اللہ تعالیٰ کی ربوبیت و الوہیت کے نقوش مرتسم کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ وہ اسلام کے سرچشمۂ ہدایت کی طرف پورے اشتیاق اور وارفتگی کے ساتھ لپک سکے۔ اسی بنا پر قرآن حکیم میں جگہ جگہ ذکر، ذکریٰ، تذکرہ، تذکر اور ان کے مشتقات لائے گئے ہیں[1] تاکہ نوع انسانی کو وقتاً فوقتاً اللہ تعالیٰ کی ربوبیت و الوہیت پر تنبیہ کیا جا سکے اس موقع پر تیسری آیت "الا تذکرۃ لمن یخشیٰ" (یہ تو ایک یاد دہانی ہے ہر اس شخص کے لیے جو خدا سے ڈرتا ہو) کا یہی مفہوم ہے۔ اسی بنا پر دوسری آیت میں کہا گیا ہے کہ اے محمد ہم نے اس قرآن کو اس لیے نازل نہیں کیا کہ تم خواہ مخواہ مشقت میں پڑ جاؤ۔ بلکہ اس قرآن کے حیرت انگیز مضامین بطور یاد دہانی بیان کر دینا کافی ہے۔ رسول کے واسطے سے یہ خطاب آج پوری امت اسلامیہ سے ہے کہ وہ اقوام عالم تک قرآن کریم کے پیغامات اور اس کے حیرت انگیز مضامین پہنچا دے۔ اس لحاظ سے قرآن مجید میں انسان کو بصیرت و یاد دہانی اور تنبیہ و انتباہ کا پورا پورا سامان جمع کر دیا گیا ہے اور اس کو مختلف قسم کے "تذکروں" یا اسباق و بصائر سے لیس کر دیا گیا ہے تاکہ اصول دین اور ان کی حقانیت پوری طرح آشکارا ہو جائے۔

غرض علم الٰہی کی ازلیت و ہمہ گیری کا آفاقی نظارہ کرانے کی غرض سے قرآن مجید میں مظاہر کائنات اور ان کے اسرار سربستہ کا تذکرہ کیا گیا ہے یہ تذکرہ قرآن مجید میں ایک خاص اعجازی انداز میں موجود ہے۔

وما من غائبۃ فی السماء والارض الا فی کتٰب مبین : اور ارض و سما کا کوئی راز ایسا نہیں ہے جو (اس) کتاب روشن میں موجود نہ ہو (نمل : ۷۵)

---

[1] ان سب کا مادہ (ذ۔ک۔ر) مشترک ہے جس کا اطلاق یاد دہانی، نصیحت، چوکنا اور تنبیہ وغیرہ پر ہوتا ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جب انسانی تحقیق و تفتیش کی بدولت کائنات کے اسرارِ سربستہ یا رازہائے ربوبیت کا افشا ہوتا ہے تو ربانی انکشافات (جو اسرار کائنات سے متعلق ہوں) آفاقی و انفسی دلائل کے روپ میں جلوہ گر ہوجاتے ہیں۔ آیات ذیل میں اسی رمز کی گرہ کشائی کی گئی ہے:

اَوَلَیْسَ اللہ با علم بما فی صدور العلمین: کیا اللہ کائنات کے بھیدوں کو بخوبی جاننے والا نہیں ہے؟ (عنکبوت: ۱۰)

الا یسجدوا للہ الذی یخرج الخبء فی السمٰوٰت والارض ویعلم ما تخفون وما تعلنون: کیا یہ لوگ اللہ کی بارگاہ میں سجدہ ریز نہ ہوں گے جو زمین و آسمانوں کی پوشیدہ چیزوں کو ظاہر کردیتا ہے اور ان تمام امور سے واقف ہے جن کو تم چھپاتے اور ظاہر کرتے ہو؟ (نمل: ۲۵)

قل انزلہ الذی یعلم السر فی السمٰوٰت والارض انہ کان غفوراً رحیماً: کہہ دو کہ اس (کتاب) کو اس نے اتارا ہے جو زمین و آسمانوں کے اسرار کو جاننے والا ہے۔ یقیناً وہ بڑا ہی مہربان ہے (فرقان: ۶)

ان حقائق و معارف کے اظہار ہی سے حسب ذیل آیات کی صداقت ظاہر ہوسکتی ہے:

سنریھم اٰیٰتنا فی الاٰفاق وفی انفسھم حتی یتبین لھم انہ الحق: ہم ان منکرین کو اپنے نشانات و دلائل دکھادیں گے آفاق اور انفس میں یہاں تک کہ اس کلام کی حقانیت ان پر ظاہر ہوجائے (حٰم سجدہ: ۵۳)

ویریکم اٰیٰتہ فای اٰیٰت اللہ تنکرون: وہ تم کو اپنے علامات قدرت دکھادے گا۔ پھر تم اس کی کن کن نشانیوں کا انکار کروگے؟ (مؤمن: ۸۱)

ظاہر ہے کہ ان "آیات و نشانات" یا دلائل آفاق و انفس کا اظہار و اثبات اسی وقت ہوسکتا ہے اور نوع انسان پر یہ حجت خداوندی بھی اسی وقت پوری ہوسکتی ہے جب کہ علم انسانی یا علوم سائنس کو قابل حجت و قابل استدلال تسلیم کیا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**قوانین قدرت اور سائنسی نظریات** | چونکہ اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو قانون فطرت اور اسباب و علل کے روپ میں نہایت منظم و منضبط طور پر تخلیق کیا ہے۔ اس لئے وہ فطرت کے قوانین، اس کے اسباب و علل اور اس کے نظم و ضبط میں غور و فکر کر کے رازہائے فطرت (اسرار ربوبیت) کو سمجھنے اور قوانین قدرت کا کھوج لگانے کی دعوت دیتا ہے۔ کیوں کہ قوانین قدرت کی چھان بین سے اُن کے مقنن کی طرف اور مظاہر کائنات کی تحقیق و تفتیش سے ان کے خالق و ناظم اور مدبر و منتظم کی طرف توجہ مبذول ہوتی ہے۔ قوانین فطرت کا اجراء اور ان کا نظم و ضبط افعال الٰہی کی کارگزاریاں ہیں۔ ان قوانین کی اوٹ میں شاہد حقیقی کا جلوہ نظر آتا ہے۔ اور افعال الٰہی کی رازجوئی سے معرفت حق حاصل ہو جاتی ہے۔

چونکہ سائنسی افکار و نظریات عموماً تغیر پذیر ہوتے ہیں۔ اس لئے اس موقع پر یہ اشکال پیش آتا ہے کہ اس مسئلہ کا حل کیا ہے؟ تو اس سلسلے میں حسب ذیل اصول پر نظر رہنی چاہئے:۔

۱۔ تبدیلی عموماً غیر ثابت شدہ اور مفروضہ نظریات میں ہوتی ہے۔ اس کے برعکس ثابت شدہ اور مسلمہ حقائق، جن کو قوانین قدرت (لاس آف نیچر) کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے پر بہت بڑی حد تک اعتماد کیا جا سکتا ہے۔ قوانین قدرت سے مراد وہ اصول فطرت ہیں۔ جو مشاہدہ و تجربہ اور اختبار و استقراء میں پوری طرح ثابت ہو چکے ہوں اور جن کی حیثیت مسلّمات کی سی ہو۔ کوئی وجہ نہیں کہ ان اصول و قوانین کو قابلِ وثوق اور قابلِ استدلال تصور نہ کیا جائے۔ اس لحاظ سے علم کیمیا، طبیعیات اور بیالوجی کے اکثر اصول و ضوابط قابلِ استدلال ہیں۔

اس کے برعکس وہ افکار و آراء جن کی حیثیت محض نظری (THEORETICAL ——) ہوتی ہے اور تجربہ و اختبار اور استقراء (INDUCTION) سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہوتا، تو اسی قسم کے نظریات و مسائل میں آئے دن تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے۔ جیالوجی، فلکیات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آغاز حیات، روح اور اس کے مظاہر اور نظریۂ ارتقاء وغیرہ کے اکثر مسائل اس دائرہ میں آتے ہیں۔ اس قسم کے مسائل ومباحث کی حیثیت زیادہ تر ظن وتخمین کی ہوتی ہے۔ حتمی ویقینی نہیں لہٰذا اس قسم کے مسائل سے استدلال کرنے میں بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ انسان کو بعض چیزوں کا ایک حد تک قطعی علم حاصل ہو جاتا ہے اور بعض چیزوں کی حد تک وہ کسی حال میں نہیں پہنچ سکتا بلکہ اس کے مبادیات تک سے بھی واقف نہیں ہو سکتا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی بڑی عجیب وغریب حکمت ہے۔ اس میں منشائے الٰہی یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اظہار ربوبیت اور اتمام حجت کی خاطر انسان کو ایک حد تک یقینی علم سے نوازے تو دوسری طرف اس کو اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا بھی پوری شدت کے ساتھ احساس دلاتا رہے در اصل انسان اس کارخانہ فطرت کی اصل کنہ وحقیقت کو کبھی نہیں پا سکتا اور اس کائنات کے تمام اسرار کا احاطہ کبھی نہیں کر سکتا ہے[1]

معرفت الٰہی کے حصول کے لئے یہ دونوں امور نہایت ضروری ہیں۔ انسان کو سوچ بچار سے جو علم حاصل ہوتا ہے وہ علم حقیقی کی بہ نسبت جہل سے زیادہ مشابہ ہوتا ہے۔ یہ ایک ایسا کلیہ ہے جو کبھی ٹوٹ نہیں سکتا خواہ دنیا کتنی ہی ترقی کیوں نہ کر جائے اور اس توازن ہی سے انسان پر قابو اور کنٹرول کیا جا سکتا ہے ورنہ یہ منہ زور گھوڑا کبھی رام نہیں ہو سکتا۔ انہی تمام وجوہات کی بنا پر مظاہر فطرت کا جائزہ لینے کی دعوت دی گئی ہے۔

قل انظروا ماذا فی السمٰوٰت والارض وما تغنی الآیات والنذر عن قوم لا یؤمنون : کہہ دو کہ زمین وآسمانوں میں جو جو چیزیں موجود ہیں ان کا بغور مشاہدہ (ومعائنہ) کرو۔ حقیقت یہ ہے کہ دلائل اور تنبیہات سے بے ایمانوں کو کوئی فائدہ

---

[1] اب یہ مفسر کی ہوش مندی اور فہم وفراست پر موقوف ہے کہ وہ علوم سائنس سے کس حد تک اور کس انداز میں استدلال کرے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہیں پہنچتا (یونس : ۱۰۱)

۲- اس سلسلے میں دوسرا اصول یہ ہے کہ قرآن حکیم نظام کائنات سے متعلق جن حقائق کا انکشاف یا پیش گوئی کر چکا ہے اگر علم انسانی اپنی تحقیق و تفتیش کے ذریعہ اس انکشاف یا پیشگوئی تک پہنچ جائے تو اس سے ظاہر ہے کہ قرآن عظیم کی تصدیق تو ہو گی ہی، مگر دوسری طرف خود علم انسانی (سائنسی اکتشاف) بھی محکم اور قابل استدلال سمجھا جائے گا۔ اس کے لئے شرط صرف یہ ہے کہ قرآن حکیم کے معانی و مطالب میں خواہ مخواہ قسم کی تاویلیں اور توڑ مروڑ نہ کیا جائے بلکہ "بلسان عربی مبین" کا لحاظ رکھتے ہوئے اصول فقہ کے بیان کردہ نصوص اربعہ (عبارت النص، اشارۃ النص، دلالۃ النص اور اقتضاء النص) کی روشنی میں اور اصول بلاغت کے مطابق تشبیہ، استعارہ اور توریہ وغیرہ کی رو سے جو معانی و مطالب تحقیقات جدیدہ کے مطابق وہم آہنگ ہو جائیں، تو پھر ان کی قطعیت میں کسی قسم کا شبہ نہیں رہتا[1]۔ اور دوسری حیثیت سے قرآنی متشابہات بھی محکمات میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ زیر نظر مضمون (کلوروفل) بھی "توریہ" کی ایک بہترین مثال ہے جس کی تفصیل آگے آ رہی ہے۔

خلق اللّٰہ السمٰوٰت والارض بالحق ان فی ذٰلک لاٰیۃ للمؤمنین: اللہ نے زمین و آسمانوں کو حقانیت کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ اس باب میں اہل ایمان کے لئے یقیناً ایک بڑی نشانی موجود ہے (عنکبوت : ۴۴)

۳- یہ ہو نہیں سکتا کہ نظام کائنات سے متعلق کوئی سائنٹفک تحقیق جس کی قرآن سے مذکورہ بالا طریقے سے ــــ صراحتاً تصدیق کر رہا ہو زمانہ مستقبل میں مزید تحقیق و تفتیش اور تلاش و جستجو سے غلط

---

[1] قرآنی نصوص کی حیثیت دراصل ایسے کلیات کی ہوتی ہے جن کی لچک اور وسعت میں ہر دور کی تحقیقات سما جاتی ہیں۔ بعض آیات کے کئی کئی مصداق بھی ہو سکتے ہیں۔ تفصیلات اور مثالوں کے لئے ملاحظہ ہو میری کتاب "قرآن مجید اور سائنس"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثابت ہوجائے۔ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ اس کا کوئی دوسرا پہلو واضح ہوجائے یا کوئی دوسرا پہلو واضح ہوجائے یا کوئی نیا مصداق ظاہر ہوجائے اس طرح کہ مفہوم اول بھی غلط نہ ہونے پائے۔

کائنات اور اس کے مظاہر خدائی صفات و افعال کے مظہر اور کارگذاریاں ہیں اور قرآن عظیم کلام الٰہی کا آئینہ اور اقوال الٰہی کا مجموعہ ہے۔ لہٰذا خدا کے قول (قرآن) اور فعل (کائنات) میں تعارض و تضاد کس طرح ہوسکتا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ اقوال الٰہی اور افعال خداوندی کی تطبیق و ہمنوائی ہی سے معرفت الٰہی حاصل ہوتی ہے۔

واتل ما اوحی الیک من کتاب ربک لا مبدل لکلماتہ: اور تم کتاب ربانی کے ان مندرجات کو پڑھ کر سناؤ جو بذریعہ وحی تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں۔ اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں ہے (کہف: ۲۷)

وتمت کلمت ربک صدقا وعدلا لا مبدل لکلماتہ: اور تیرے رب کی بات پوری ہوئی کیا بلحاظ سچائی اور کیا بلحاظ عدل و درستی۔ اس کی باتوں (اور دعووں) کو کوئی بدلنے والا نہیں ہے (انعام: ۱۱۵)

کتاب عزیز لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ تنزیل من حکیم حمید: یہ ایسی زبردست اور غیر مغلوب کتاب ہے جس میں باطل نہ آگے سے در آسکتا ہے اور نہ پیچھے سے جگہ پاسکتا ہے (نہ ماضی میں نہ مستقبل میں) کیوں کہ یہ ایک دانشمند اور خوبیوں والے (خدائے برتر) کی جانب سے نازل کردہ ہے (حٰم سجدہ: ۴۱-۴۲)

آلر کتاب احکمت آیاتہ ثم فصلت من لدن حکیم خبیر: الف، لام، را۔ یہ ایسی کتاب ہے جس کی آیات مضبوط و مستحکم کی گئی ہیں (جس کی بنا پر ان میں کبھی رد و بدل نہیں ہوتا) اور ان کی خدائے دانا اور باخبر کی جانب سے تفصیل کی گئی ہے (جس کی بنا پر وہ کبھی خلاف واقعہ نہیں ہوسکتیں (ہود: ۱)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


۴۔ اگر کسی مسئلہ میں سائنس داں شک و تردد میں ہوں یا کسی معاملہ میں مختلف و متضاد رائیں رکھتے ہوں اور اس بارے میں قرآن کریم کی بھی کوئی رائے اور نظریہ موجود ہو تو ایسی صورت میں قرآن کی حیثیت ایک قاضی اور جج کی سی تصور کی جائے گی۔ کیوں کہ انسانی علم ظنی اور خدائی علم قطعی و یقینی ہوتا ہے۔ گویا کہ قرآن ایک آئینہ ہے جس میں انسانی افکار و نظریات کی خامیوں کا حال ظاہر ہو جاتا ہے۔ وہ ایک ایسی کسوٹی ہے جو کھرے کھوٹے کو چھانٹ دیتی ہے۔ "فرقان" کا ایک مصداق یہ بھی ہو سکتا ہے، جو قرآن کا ایک بہت بڑا وصف ہے۔

ھذا کتابنا ینطق علیکم بالحق : یہ ہماری کتاب ہے جو تم پر ٹھیک ٹھیک بول رہی ہے (جاثیہ : ۲۹)

انہ لقول فصل وما ھو بالھزل : یہ ایک فیصلہ کن کلام ہے کوئی ہنسی مذاق نہیں (طارق : ۱۳-۱۴)

۵۔ اگر قرآن کا کوئی بیان کسی دور میں بظاہر علم انسانی کے خلاف معلوم ہو یا اس کی حقیقت مستور ہو تو اس صورت میں علم انسانی کو خام و ناقص اور علم الٰہی کو قطعی و یقینی تصور کیا جائے گا۔ اسکا مطلب یہ ہوگا کہ علم انسانی ابھی ناپختہ و ناکمل ہے اور قرآنی بیان کی صحت و صداقت زمانہ مستقبل میں مزید تلاش و تفحص سے ضرور ظاہر ہو گی۔ مثال کے طور پر آج سائنسی نقطۂ نظر سے آسمانوں کے ذاتی وجود کی حقیقت مستور ہے۔ جس کی اصلیت انشاء اللہ زمانۂ مستقبل میں ظاہر ہو کر رہے گی۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو میری کتاب "چاند کی تسخیر قرآن کی نظر میں" یا "قرآنی نظریہ سماوات"

وسع ربی کل شئ علما افلا تتذکرون : میرا رب علمی اعتبار سے ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے کیا تم چونکتے نہیں؟ (انعام : ۸۰)

اولم یکف بربک انہ علی کل شئ شھید : کیا یہ بات کافی نہیں ہے کہ تمہارا رب (اس کائنات کی) ہر چیز سے آگاہ و باخبر ہے؟ (حم سجدہ : ۵۳)


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ولا ینبئک مثل خبیر : اور تمہیں کوئی باخبر ہی خبردار کرسکتا ہے (بے خبر و ناواقف نہیں (فاطر: ۱۴)

سائنس اور مادہ پرستی | مباحث بالا سے یہ حقیقت اظہر من الشمس ہو چکی ہے سائنس کسی بھی طرح دین و مذہب کی ضد نہیں ہے بلکہ سائنسی تحقیقات کی بدولت مذہب کا چہرہ مزید روشن و تابناک ہو جاتا ہے اور اصول دین میں مزید حسن نکھار پیدا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا قرآن عظیم کا اصل مقابلہ سائنس سے نہیں بلکہ الحاد و مادیت، نام نہاد عقلیت (RATIONALISM) ریب و تشکیک (SCEPTICISM) اور کفر و شرک سے ہے۔ مادہ پرستانہ فلسفہ اور اس کی ذہنیت یہ ہے کہ مادہ (MATTER) اور اس کے مظاہر کا کوئی خالق و صانع اور ناظم و مدبر موجود نہیں ہے بلکہ یہ پورا سلسلۂ تخلیق بغیر کسی مقصد و غایت کے محض بخت و اتفاق کے تحت وجود میں آگیا ہے۔ اور اس کا سارا نظام خود بخود اور آپ سے آپ رواں دواں ہے جس کا نہ تو کوئی خاص نتیجہ برآمد ہوگا نہ انجام۔ خلاصہ یہ کہ مادیت (MATERIALISM) کی نظروں میں یہ کائنات کوئی منصوبہ بند نظام نہیں ہے۔ جیسا کہ خود قرآن اس عقیدہ کو محفوظ کر کے اس پر تبصرہ کرتا ہے:

وقالوا ما ھی الا حیاتنا الدنیا نموت ونحیی وما یھلکنا الا الدھر وما لھم بذلک من علم ان ھم الا یظنون: اور ان کا کہنا ہے کہ اس دنیوی زندگی کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے۔ ہم (یہیں) مرتے اور جیتے ہیں۔ ہمیں صرف زمانہ ہی ہلاک کرتا ہے (جو کچھ ہے وہ سب زمانے کے تغیرات ہیں نہ کوئی خدا ہے اور نہ کوئی خالق و مربی) دراصل انہیں اس معاملہ میں کوئی علم ہی نہیں ہے۔ یہ تو نری قیاس آرائیاں کرتے ہیں (جاثیہ: ۲۴)

یہ مادیت کے عقیدے کی صحیح ترجمانی اور اس پر بہترین تنقید و تبصرہ ہے۔[1] یعنی ان کے

---

[1] الحاد و دہریت کا عقیدہ زمانۂ قدیم سے خال خال طور پر پایا گیا ہے۔ لیکن آج وہ جس عالمگیر شکل میں نظر آرہا ہے اس کی مثال کسی دور میں نہیں ملتی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پاس اس عقیدہ کی صحت و صداقت پر کوئی علمی دلیل نہیں ہے بلکہ صرف ظن و تخمین اور مغالطہ وسفسطہ (SOPHISTRY) ہے۔ ان کے تخیلات و مفروضات اندھیرے میں تیر چلانے اور ٹامک ٹوئیاں مارنے کے مترادف ہیں جس کی حیثیت علمی دنیا میں تارِ عنکبوت سے زیادہ پائیدار نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا ملحدین و بے دینوں کو اپنے نظریہ کی صحت و صداقت پر کوئی مثبت علمی و آفاقی دلیل پیش کرنی چاہیے جس کو وہ قیامت تک پیش نہیں کر سکتے۔ بلکہ الٹے نظام کائنات کا ذرہ ذرہ خدا پرستی کی تصدیق و تائید کرتا نظر آئے گا اور تمام مظاہر فطرت خلاق عالم کی اطاعت و فرمانبرداری کا صاف صاف اعلان کرتے دکھائی دیں گے۔

ولہ من فی السموٰت والارض کل لہ قانتون: زمین اور آسمانوں میں جو کچھ بھی ہے سب اس کی ملکیت ہے۔ اور ہر ایک اسی کا فرمانبردار ہے (روم: ۲۶)

اب کائنات کے سائنٹفک جائزہ سے مظاہر کائنات کے "قنوت" یا فرمانبرداری کا حال پوری طرح آشکارا ہو جاتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عالم حیوانات و عالم نباتات اور خود انسانوں تک کا ایک ایک عضو اور ایک ایک پرزہ، ایک ایک ڈالی، شگوفہ، پھول، پھل اور مختلف برگ و بار وغیرہ سب کے سب "قنوت" کا کلمہ پڑھ رہے ہیں اور ایک حیرت انگیز خود کارانہ نظام کے تحت رواں دواں ہیں۔ ان کی ساخت و پرداخت اور ان کا طبعی و فطری نشو و نما بالکل متعین اور ہمیشہ لگے بندھے اصولوں کے تحت ہوتا ہے۔ خلاق فطرت اور مدبر... کائنات نے جس جس نوع کا جو فطری ضابطہ مقرر کر دیا ہے وہ اس سے ذرہ برابر بھی تجاوز نہیں کرتی۔

وخلق کل شیءٍ فقدرہ تقدیراً: اس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کا ایک (فطری) ضابطہ مقرر کیا (فرقان: ۲)

آج مادہ پرستانہ ذہنیت اور اس کے عقیدہ کا پرچار مختلف قسم کے فلسفوں اور ازموں کی شکل میں کچھ اس انداز سے کیا جاتا ہے کہ لوگوں کو اس نظریہ کے علمی و سائنٹفک ہونے کا دھوکا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ہوجاتا ہے۔ سائنسی نظریات واکتشافات سے مادیت کی تائید ہرگز نہیں ہوتی، بلکہ سائنس صرف کائنات کی تشریح، اس کے کل پرزوں اور اس کے رازہائے سربستہ کو بے نقاب کرتی ہے جو بالکل ایک غیر جانب دارانہ یا "سیکولر" تحقیق ہے۔ سائنس کے بے لاگ انکشافات کے باعث آج اس کا "قیمتی ووٹ" مذہب اسلام کے بیلیٹ بکس (BALLOT BOX) میں نظر آرہا ہے۔ مگر مادہ پرست بالکل بازاری سیاست دانوں کی طرح اپنے خود ساختہ عقائد اور غلط و بے بنیاد قسم کی فلسفیانہ نظریات کو سائنٹفک حقائق کے ساتھ خلط ملط کرکے سائنس کا "قیمتی ووٹ" اپنی جھولی میں ڈال لینا چاہتے ہیں اور سوفسطائیت (SOPHISTRY) کا مظاہرہ کرکے پوری دنیا کو مغالطہ میں مبتلا کردینا چاہتے ہیں مگر ؎

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

غرض سائنس کا یہی وہ قیمتی ووٹ ہے جو قرآن کریم کے انکشافات کے مطابق آفاقی وانفسی دلائل کا روپ دھار کر ہر قسم کی باطل پرستیوں کا قلع قمع کردیتا ہے۔

بل نقذف بالحق علی الباطل فیدمغہ فاذا ھو زاھق ولکم الویل مما تصفون: بلکہ ہم حق (کی لاٹھی) کو باطل پر پھینک مارتے ہیں جو اس کا بھیجہ پھاڑ دیتی ہے جس کے نتیجے میں وہ نابود ہوجاتا ہے۔ اور تمہاری خرابی ہے جو تم طرح طرح کے بیانات دیتے رہے ہو (انبیاء: ۱۸)

**سائنس کی گوشمالی** | مذکورہ بالا ملاحظات سے یہ حقیقت ظاہر ہوجاتی ہے کہ سائنس ایک آئینہ صافی ہے جس کی روشنی میں ہر کوئی حقیقت حال کا چہرہ دیکھ سکتا ہے اور اپنے خود ساختہ افکار وخیالات کی خامیوں کا حال ایک کھلی کتاب کی طرح پڑھ سکتا ہے۔ کیوں کہ نقاش فطرت نے کائنات کے نظام اور اس کی ساخت وپرداخت میں حیران کن حد تک مختلف قسم


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی حکمتیں، مصلحتیں اور اسباق و بصائر رکھ دیئے ہیں۔ اس طرح کہ محض ذرا سی کھود کرید تحقیق و تفتیش اور تلاش و جستجو سے یہ ابدی سچائیاں ظاہر ہو جاتی ہیں۔

وما خلقنا السموت والارض وما بینھما لعبین۔ وما خلقنٰھما الا بالحق ولکن اکثرھم لایعلمون : اور ہم نے زمین آسمانوں اور ان دونوں کے درمیانی مظاہر کو کھیل کود میں نہیں پیدا کیا ہے۔ (بلکہ حقیقتاً) ہم نے ان دونوں کی تخلیق حکمت و مصلحت کے ساتھ کی ہے مگر اکثر لوگ ان باتوں سے ناواقف ہیں (دخان : ۳۸ - ۳۹)

ہر دور میں باطل افکار و آراء کی تردید اور باطل پرستوں کی سرکوبی و گوشمالی ضروری ہے ورنہ پھر خدا پرستی کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہ سکتا اور انسانی و اخلاقی اقدار سخت خطرہ میں پڑ جائیں گی۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ ہر دور میں قطعی و فیصلہ کن دلائل و بینات کے ذریعہ حق کی نصرت و حمایت اور باطل کی سرکوبی کرتا ہے۔

ان اللہ لایصلح عمل المفسدین۔ ویحق اللہ الحق بکلمٰتہ ولو کرہ المجرمون : اللہ فسادیوں کے کام کو پنپنے نہیں دیتا۔ اور اللہ اپنے کلمات (دلائل و براہین) کے ذریعہ حق کو حق کر دکھاتا ہے۔ اگرچہ مجرم اس کو ناپسند ہی کریں (یونس : ۸۲)

ویمح اللہ الباطل ویحق الحق بکلمٰتہ انہ علیم بذات الصدور : اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور اپنے کلمات کے ذریعہ حق کو حق کر دکھاتا ہے۔ بیشک وہ دلوں کے حالات تک سے واقف ہے (شوریٰ : ۲۴)

سائنس کی یہ افادیت و اہمیت اپنی جگہ پر بالکل مسلّم ہے جس میں کسی شک و شبہ اور رد و قدح کی گنجائش نہیں ہے۔ مگر ہاں ایک حیثیت سے خود سائنس اور سائنس والوں کی بھی تھوڑی سی گوشمالی ضروری ہے تاکہ انسان کو خود سری و خود فریبی کے مرض سے بچایا جا سکے یعنی انسان اپنے علوم و تحقیقات پر کبھی مغرور و متکبر نہ بن جائے اپنی عقل و تدبیر پر نازاں و فرحاں نہ ہو جائے اور اس کے دماغ میں غرور و گھمنڈ کے جراثیم سرایت نہ کر جائیں۔ بلکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کو ہمیشہ اپنی بے بضاعتی و ناپختگی، خام کاری اور ناتکمیلیت کا قوی و شدید احساس ہوتا رہے تاکہ وہ اپنے سے زیادہ قوی، مکمل، پختہ اور ہمہ داں و ہمہ بیں ہستی کی بارگاہِ الوہیت میں جھک سکے۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کائنات اور اس کے مظاہر کی اصل کنہ و حقیقت تک کبھی رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ بلکہ اس کا علم ہمیشہ سطحی اور واجبی قسم کا رہے گا جیسا کہ کلوروفل کے مباحث سے ظاہر ہوگا۔ اس قسم کا احساس مطالعہ کائنات کا لازمی نتیجہ ہے اور ہر سچا سائنس داں اس حقیقت عظمیٰ کو تسلیم کرنے پر مجبور رہے جس میں اس کو کسی قسم کا باک یا عار نہیں ہو سکتا اور نہ ہونا چاہیئے۔

انسان کا کائنات کے مکمل علم کو حاصل نہ کر سکنا در اصل اس بات کی ناقابل تردید دلیل ہے کہ ان ظواہر کے پس پردہ ایک زبردست ہستی کرسی نشین ہے جو اسکیم کے مطابق انسان کو بالکل تھوڑا سا علم عطا کرتی ہے، مکمل حقیقت تک اس کی رسائی ہونے نہیں دیتی۔ جیسا کہ ارشاد باری ہے:

وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ: اور یہ لوگ اس کے اتنے ہی علم کا احاطہ کر سکتے ہیں جتنا کہ وہ چاہتا ہے (بقرہ: ۲۵۵)

یہ ربانی دعویٰ عین مطابق واقعہ ہے۔ الغرض سائنس یا سائنس دانوں کی تادیب اس حیثیت سے بھی ضروری ہے کہ آج عام طور پر اس کی حیثیت ایک مہادیو یا بے تاج بادشاہ کی سی ہو چکی ہے۔ اکثر حلقوں میں سائنس ایک جدید دیوی کی حیثیت سے دھڑا دھڑ پُج رہی ہے۔ لوگ ہر معاملہ میں سائنس ہی کی طرف رجوع کرنے اور اس کی دہائی دینے کے عادی ہو چکے ہیں۔

—— باقی

© rasailojaraid.com